In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
Office Press & Media
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia

(A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860)

زیرحوالہ/Ref SPM - 282
تاریخ/Date 23-10-2026

قادیان میں جماعت احمدیہ مسلمہ بھارت کی ذیلی تنظیمات کے مرکزی سالانہ اجتماعات کا شایان شان طریق پر انعقاد

جماعت احمدیہ مسلمہ کے افراد عمر کے اعتبار سے تین مختلف ذیلی تنظیمات میں تقسیم کئے گئے ہیں اور ہر فرد کی ذہنی صلاحیت اور عمر کے تقاضے کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی تعلیم و تربیت کی جاتی ہے اور قوم و وطن کے لئے انہیں مفید وجود بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔

''انصاراللہ'' یعنی اللہ کے مددگار جماعت احمدیہ کے مرد حضرات کی تنظیم ہے جن کی عمر 40 سال سے زائد ہے۔ اس تنظیم کے تحت سال بھر یہ کوشش کی جاتی ہے کہ معاشرہ کے ضعیف اور بزرگ لوگوں کے تجربہ اور نمونہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے قوم و وطن کے مفاد میں ان کے کردار نبھانے کے لئے انہیں صحیح معنوں میں تیار کیا جائے۔

''خدام الاحمدیہ'' جماعت احمدیہ کے نوجوانوں کی تنظیم ہے جن کا مقصد نوجوانوں کی ایسی تعلیم و تربیت کرنا ہے جس کے نتیجہ میں وہ اعلیٰ اخلاق اور پختہ عزم کے مالک ہوں اور قوم و ملک کی ترقی میں اپنا نمایاں کردار نبھا سکیں اور بنی نوع انسان کی خدمت کر سکیں۔ اسی تنظیم کے تحت سات سال سے پندرہ سال تک کے بچوں کی ایک الگ تنظیم ''اطفال الاحمدیہ'' بھی قائم ہے جس کے تحت بچپن سے ہی احمدی بچوں کی دینی اور اخلاقی تربیت کی طرف توجہ کی جاتی ہے تاکہ بڑے ہو کر جہاں وہ قوم و وطن کے لئے مفید وجود بنیں وہاں دینی و اخلاقی اعتبار سے بھی دوسروں سے نمایاں ہوں۔

''لجنہ اماء اللہ'' جماعت احمدیہ کی مستورات کی تنظیم ہے جس کے تحت مستورات کو معاشرہ کی تعمیر میں ان کی اہم ذمہ داری کو نبھانے کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔ جماعت احمدیہ کی لڑکیوں کو اعلیٰ تعلیم کے حصول، عفت و پاک دامنی کی طرف ترغیب دلائی جاتی ہے، ماؤں کو تربیت اولاد کی ذمہ داریوں کی طرف خصوصی توجہ دلائی

جاتی ہے۔اسی تنظیم کے تحت سات سال سے پندرہ سال تک کی بچیوں کی تنظیم ''ناصرات الاحمدیہ'' قائم ہے جس میں بچپن سے ہی احمدی بچیوں کی تعلیم وتربیت کی طرف توجہ دی جاتی ہے۔

اس اجتماع کا مقصد جماعت احمدیہ مسلمہ کے افراد کو حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ذمہ داریوں کو نبھانے کے حوالہ سے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں توجہ دلانا ہے اور ان کے اندر ہمدردیٔ خلق کا جذبہ پیدا کرنا ہے نیز ان کو قوم ووطن کے لئے مفید وجود بنانا ہے۔

اس اجتماع کے موقعہ پر تمام شاملین کے لئے علیحدہ علیحدہ اپنی اپنی تنظیموں کے ساتھ علمی و ورزشی مقابلہ جات منعقد کئے جارہے ہیں جس کے نتیجہ میں ان کی صلاحیتوں کو اُبھارا جاسکے۔

اس اجتماع میں شرکت کی غرض سے ہندوستان بھر سے مرد وخواتین اور بچے مرکز احمدیت قادیان تشریف لائے ہیں۔

سال بھر ان ذیلی تنظیمات کی جانب سے ہندوستان بھر میں قیام امن کے حوالہ سے کوششیں کی جاتی ہیں۔ نیز مختلف رفاہ عامہ کے کام فری طبی کیمپس، وقار عمل کے ذریعہ سے پبلک جگہوں میں صفائی وستھرائی کے کام، مستحقین کی امداد، ہسپتال میں مریضوں کی عیادت، شجرکاری، عطیہ خون کیمپ وغیرہ پروگرامز منعقد کئے جاتے ہیں۔

جماعت احمدیہ مسلمہ کی تمام ذیلی تنظیمات امام جماعت احمدیہ عالمگیر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی عظیم الشان روحانی قیادت میں ہندوستان بھر میں رفاہ عامہ کے کام کرتی ہے۔

اس اجتماع میں شامل ہونے والا ہر فرد یہ عہد کرتا ہے کہ وہ قوم اور ملک کی ترقی کے لئے اپنی خدمات پیش کرے گا۔اس اجتماع کے ذریعہ سے افراد جماعت کے اندر حقوق اللہ اور حقوق العباد کا جذبہ پیدا کرنے اور اپنے اخلاقی معیار کو بہتر کرنے کے لئے انہیں ٹریننگ دی جاتی ہے۔

انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت